سوال

صاحب قرض مل نہیں سکا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا بھائی فوت ہوگیا ہے اوران کے ذمہ بہت سے قرض تھے جوکہ الحمدللہ میں نے ادا کردیئے ہیں اوراب صرف چار سوریال باقی رہ گئے ہیں اوروہ جس شخص کے ہیں، اسے میں نے بہت ڈھونڈا ہے لیکن وہ مجھے نہیں ملا تو اس صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟ کیا میں یہ رقم فقراء میں تقسیم کردوں یا بیت المال میں جمع کرادوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر امر واقع اسی طرح ہے جیسا کہ آپ نے ذکر کیا ہے کہ آپ نے صاحب قرض کو تلاش کیا لیکن وہ نہیں ملا تو آپ اسے اس کی طرف سے صدقہ کردیں تاکہ اسے اس کا ثواب مل جائے اوراگر بعد میں وہ آجائے تو اسے آپ بتادیں۔ اگروہ اس پر راضی ہوجائے تو بہتر ورنہ اسے اس کی رقم ادا کردیں اور آپ کو اس صدقہ کی ہوئی رقم کا ان شاء اللہ اجروثواب مل جائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج2ص544

محدث فتویٰ